CAPITAL DEVELOPMENT AUTHORITY

# کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی

ڈائریکٹوریٹ جنرل آف بلڈنگ اینڈ ہاؤسنگ کنٹرول

URAAN PAKISTAN

#HumCDA

# پبلک نوٹس

کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) اسلام آباد کیپیٹل ٹیریٹری (آئی سی ٹی) کے اندر پبلک لینڈ کو ریگولیٹ کرنے اور اس کے تحفظ کیلئے اپنے قانونی مینڈیٹ کے تحت شہر کی ماسٹر پلاننگ، ماحولیاتی سالمیت اور اس کی خوبصورتی کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے پرعزم ہے۔ یہ بات انتہائی تشویش کے ساتھ مشاہدے میں آئی ہے کہ مختلف افراد، اداروں اور جائیداد کے مالکان بشمول رہائشی مکانات، تجارتی عمارتوں، تعلیمی اور دیگر اداروں نے ICT زوننگ ریگولیشنز کی خلاف ورزی کرتے ہوئے غیر مجاز تعمیرات کے ذریعے سی ڈی اے کی ملکیتی اراضی پر غیر قانونی عارضی یا مستقل بنیادوں پر قبضہ کیا ہوا ہے جو کہ آئی سی ٹی زوننگ ریگولیشنز، آئی سی ٹی بلڈنگ کنٹرول ریگولیشنز 2020 (ترمیم شدہ 2023) اور دیگر قابل اطلاق قوانین کی خلاف ورزی ہے۔

2۔ اس **حتمی نوٹس** کے ذریعے ایسے تمام افراد کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ اس نوٹس کی اشاعت کے **(24) گھنٹے** کے اندر ایسی تمام تجاوزات کو رضاکارانہ طور پر ہٹا دیں۔ عدم تعمیل کی صورت میں بغیر کسی اطلاع کے ایسی انکروچمنٹ کے خلاف **فوری طور پر کارروائی** کی جائے گی۔ سی ڈی اے کی اراضی پر جملہ قسم کی غیر مجاز تعمیرات اور قبضے اس نوٹس کے دائرہ کار میں آتے ہیں جس میں پلاٹ کی حدود سے باہر **گارڈ رومز، سیکیورٹی بیرکس اور کیمپ آفسز** کی غیر قانونی تنصیب اور قیام، منظور شدہ احاطے کے باہر **جنریٹر رومز، الیکٹرک پینلز** یا دیگر کسی قسم کے انفراسٹرکچر کی تنصیب، پبلک اراضی یا روڈ پر بیریئرز، گیٹس یا رکاوٹ بننے والی کوئی دیگر تنصیب، سی ڈی اے کی زمین پر کنٹینرز، کھوکھے، شیڈ یا دیگر ڈھانچے، بغیر منظوری کے تعمیراتی سامان یا ایکوپمنٹ کی ڈمپنگ؛ باؤنڈری والز، فٹ پاتھ، یا پلیٹ فارمز کی منظور شدہ حدود سے باہر توسیع اور قانونی الاٹمنٹ یا لیز کے بغیر عوامی زمین کا کسی قسم کا رہائشی، تجارتی یا ادارہ جاتی استعمال شامل ہے۔

3۔ عدم تعمیل کی صورت میں انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ سی ڈی اے ایسی تعمیرات کو ہٹانے، مسمار کرنے اور مواد کو ضبط کرنے کے علاوہ متعلقہ دفعات کے تحت قانونی کارروائی عمل میں لائے گا اور انفورسمنٹ پر آنے والا خرچہ خلاف ورزی کرنے والوں سے وصول کیا جائے گا۔ اتھارٹی ایسی کارروائی کے دوران ہونے والے کسی نقصان کی ذمہ دار نہیں ہوگی۔

4۔ تجاوزات عوامی قانون اور شہری نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی کے زمرے میں آتی ہیں جو نا صرف عوامی رسائی میں رکاوٹ کا سبب بنتی ہیں بلکہ بنیادی ڈھانچے سے سمجھوتہ کرنے، ماحولیاتی اور بصری معیار کو گرانے اور شہری حقوق کی خلاف ورزی کا بھی باعث بنتی ہیں۔ یہ آپریشن آرڈر کی بحالی، زمین کے قانونی استعمال کو برقرار رکھنے اور اسلام آباد کے منصوبہ بند شہری جمال کے تحفظ کے لیے کیا جا رہا ہے۔


فیصل نعیم
ڈائریکٹوریٹ جنرل (بلڈنگ اینڈ ہاؤسنگ کنٹرول)
کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) اسلام آباد

WhatsApp Contact:0370-9353317
Email: **dgbhccda@hotmail.com**
**Helpline:** 051-9252103
Website: **www.cda.gov.pk**
Office Address: CDA Facilitation Centre, Jasmine Road G-7/2, Islamabad


389 15x3